نقد و نظر

لاالٰہ الاّاللہ | تالیف مولوی محمد ادریس خان صاحب نجیب آبادی مکتبۂ عبرت نجیب آباد قیمت ۵ر ضخامت ۸۰ صفحہ۔

توحید باری تعالیٰ کا بیان ہے اور زیادہ تر آیات قرآنی سے صفات الٰہی کی تفصیل کر کے یہ تعلیم دی گئی ہے کہ شرک فی الصفات تمام گناہوں اور برائیوں کی جڑ ہے مصنف نے اپنے دیباچہ میں ظاہر کیا ہے کہ ان کا مقصد بداعمالیوں اور بدعقیدگیوں کا رد ہے اور اس میں کسی خاص شخص یا جماعت کو نشانہ نہیں بنایا گیا ہے لیکن ان کے رسالہ کی ابتدا میں جو معلّمانہ رنگ ہے، وہ آخر میں مناظرانہ رنگ سے بدل گیا ہے اور مسلمانوں کے بعض گروہوں پر انہوں نے بہت زور کے ساتھ شرک کا الزام عاید کیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ جو غلط اعتقادات مسلمانوں میں پھیل گئے ہیں۔ ان کی اصلاح ضروری ہے۔ مگر ہماری رائے میں اصلاح کے لئے وہ طریقے اور وہ انداز اختیار کرنے مناسب نہیں جن سے الٹی ضد اور نفرت پیدا کرتے ہیں

نسخۂ زکوٰۃ و آداب والدین | انجمن رفیق الاسلام۔ گوڑگانوہ سے ایک آنہ کے ٹکٹ بھیج کر مفت منگائے جا سکتے ہیں۔

یہ دونوں رسالے ان اصلاحی رسائل میں سے ہیں جو انجمن رفیق الاسلام کچھ عرصہ سے شائع کر رہی ہے نسخۂ زکوٰۃ میں بھیک مانگنے کی مخالفت کرتے ہوئے یہ بتایا گیا ہے کہ خیرات کن لوگوں کو دینی چاہئے سوال کرنا کن حالات میں جائز ہے۔ زکوٰۃ کے مصارف کیا ہیں۔ زکوٰۃ کے مصالح کیا ہیں۔ اور کتنے مال پر کتنی زکوٰۃ دینی چاہئے۔ رسالہ کا انداز بیان نہایت سادہ اور عام فہم ہے اور قصہ کے پیرایہ میں مسائل سمجھائے گئے ہیں۔ دوسرے رسالہ آداب والدین میں اولاد پر ماں باپ کے حقوق بتائے گئے ہیں اور آیات قرآنی و احادیث نبوی سے یہ بتایا گیا ہے کہ ماں باپ کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے۔